# اسیسمنٹ فریم ورک اور ماڈل پیپر

## اردو (لازمی) دہم

نیشنل کریکولم آف پاکستان

2022-2023



فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ
اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد

**WE WORK FOR EXCELLENCE**

# فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## اسلام آباد

# اسیسمنٹ فریم ورک

## برائے

## اردو (لازمی) دہم

## کریکولم ۲۰۲۲-۲۳ء

# اظہارِ تشکر

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری کے سلسلے میں تشکیلی و حتمی جانچ اور اُردو مضمون کے جن ماہرین نے مسلسل محنت کی۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. محترم امجد اقبال، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز G-10/4 اسلام آباد
2. ڈاکٹر محسن علی عابدی، ایسوی ایٹ پروفیسر، اوپی ایف بوائز کالج، H-8/4 اسلام آباد
3. ڈاکٹر فردوس کوثر، اسسٹنٹ پروفیسر، بحریہ کالج، ای۔ ایٹ اسلام آباد
4. محترمہ کشور ناہید، صدر شعبہ اردو، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج، حمزہ کیمپس، راولپنڈی
5. محترمہ سمیرا شہمین، ماہر مضمون، آرمی پبلک سکول اینڈ کالجز ڈائریکٹوریٹ، راولپنڈی

اس مؤقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب ڈاکٹر اکرام علی ملک کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔ اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کا شعبہ ریسرچ کی کاوشیں خصوصی طور پر لائق تحسین ہیں خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری، ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں ان کا فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

**مرزا علی**

**ڈائریکٹر ٹیسٹ ڈیویلپمنٹ**

# اسیسمنٹ فریم ورک اردو ۲۰۲۲-۲۳ء

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید تر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمربستہ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلات تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرین مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہا ہے۔ اس تمام تناظر میں یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرفہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جارہا ہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچوں کے ممتحنین کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے جماعت نہم، دہم کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطہ نظر سے تشکیلی جانچ (Formative Assessment) وحتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ اپنی نوع میں پاکستان کی سطح پر ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے ممتحنین (Paper Setters) کو سالانہ امتحان کی تیاری کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہ نمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذہ کرام کو پتا ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے جب کہ امتحانی پرچے کی تیاری میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مدد و معاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی و حتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہ نما کا کردار ادا کرے گا۔

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں تشکیلی و حتمی جانچ اور اُردو مضمون کے ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا۔ محنت، لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلات تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلی جانچ (Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment) تعلیمی عمل کا ایک اہم عنصر ہے، جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے جماعت(Class Room) میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلم کا موثر جائزہ پیش کرتا ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جو کہ طلبہ کی فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کارآمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمت عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند(Certificate) کا اجرا نہیں کیا جاتا بلکہ اس کا بنیادی مقصد تعلم کے موثر یا غیر موثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔

تشکیلی جانچ کا بنیادی مقصد تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرنا ہوتی ہے تاکہ بروقت اقدامات کرکے ان کی تلافی کی جاسکے اور پڑھانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ یہ مؤثر اور متحرک طریقہ کار اساتذہ کرام کو اپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ذہنی آزمائش کے سوالوں یا کلاس میں بحث ومباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلاس کے کتنے بچے کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کر رہے ہیں اور کتنی نئی معلومات اوراضافی توضیحات کے ساتھ یا کسی تدریسی تعامل کی مدد سے اپنے موضوعِ تدریس پر نظر ثانی کی کسی حد تک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اور گہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جس میں کمرہ جماعت میں بحث ومباحثہ، مشاہدات اور زبانی سوالاً جواباً جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کا دروازہ کھول دیتا ہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروف کار رہیں۔ تشکیلی جانچ جماعت(Class Room) میں سیکھنے کے عمل کے سازگار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایسا طاقت ور پیمانہ ہے جسے موثر طریقے سے نافذ العمل کرکے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ طلبہ اور اساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہے اور ایک ایسا سازگار ماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کا عمل دوچند ہو جاتا ہے۔

# حتمی جانچ (Summative Assessment)

حتمی جانچ (Summative Assessment) تعلیمی سرگرمیوں کا ایک ایسا بنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے (سیشن) کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے برعکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میزان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تدریس و تعلم کی مجموعی کارکردگی کی پرکھ کرتے ہوئے اس کی سند (Certificate) کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے۔ اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیئے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کارکردگی و صلاحیت کی بنیاد پر سند (Certificate) حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کارکردگی، سند یافتگی یا تدریس و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تدریس و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کارگردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ، تدریس و تعلم میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کارکردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت موثر اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔

# NATIONAL ASSESSMENT FRAMEWORK URDU (Compulsory)

## Curriculum / SLOs Bifurcation 2022-23

## Class 9th – 10th

<table>
<tr><td colspan="3"><u>مہارت:(الف) سننا</u></td></tr>
<tr><td colspan="3">معیار:(الف) مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم اور ادراک سے معانی کا اکتساب اور اظہار رائے۔</td></tr>
<tr><td colspan="3">حد تدریج</td></tr>
<tr><td>جماعت نہم</td><td>جماعت دہم</td><td>تبصرہ / ریمارکس</td></tr>
<tr><td colspan="2">• واقعات، کہانی، تقریر، شاعری، تشریحات وغیرہ کی رفتار اور معیار کے ساتھ سماعت کرنا۔<br>• کلام سن کر ادبی، مجازی اور اصطلاحی مفاہیم تک رسائی حاصل کرنا۔<br>• روز مرہ بول چال میں اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور وغیرہ سن کر ان کا تجزیہ کرنا۔<br>• ذرائع ابلاغ سے نشریات وغیرہ سن کر ان پر استحسان و تنقید کرنا۔<br><u>نوٹ:</u>اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔</td><td><u>مہارت "سننا": تشکیلی جانچ</u><br>اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔</td></tr>
<tr><td colspan="3"><u>مہارت:(ب) بولنا</u></td></tr>
<tr><td colspan="3">معیار:(ب) درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل جملوں میں مختلف صورت حال کے مطابق گفتگو، اپنے مؤقف، مدعا، رائے (مافی الضمیر) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند جملے یا مربوط اور منظم تقریر</td></tr>
<tr><td colspan="3">حد تدریج</td></tr>
<tr><td>جماعت نہم</td><td>جماعت دہم</td><td>تبصرہ / ریمارکس</td></tr>
<tr><td colspan="2">• روز مرہ بول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) میں ربط و تسلسل کے ساتھ مدلل گفتگو کرنا۔<br>• کسی موضوع پر اپنے خیالات اور مافی الضمیر کو تقریر اور خطبہ دینے کے اصولوں کے مطابق درست لب و لہجے اور انداز کے ساتھ پیش کرنا۔<br>• کسی تحریر / تقریر پر استحسانی و تنقیدی گفتگو کرنا۔<br><u>نوٹ:</u>اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔</td><td><u>مہارت "بولنا": تشکیلی جانچ</u><br>اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔</td></tr>
</table>

## مہارت:(ج) پڑھنا

**معیار:**(ج) حروف، الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان اور ادراک، تحریر کی صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی اور سوالات کے مربوط جوابات

### حدِ تدریج

| جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| • ادبی اور علمی امتیاز کے ساتھ مجازی اور اصطلاحی مفہوم کے پیشِ نظر عبارت (نظم و نثر) پڑھنا۔<br>• عمومی مطالعے کی عادات میں تیز رفتاری کا عنصر پیدا کرنا۔<br>• علم بیان، علم بدیع اور منتخب شعری محاسن کا علم حاصل ہونا اور انھیں پہچان کر ان کی نشان دہی کرنا۔ | | اس مہارت کے چند حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے جب کہ دیگر حاصلات تعلم کی تشکیلی جانچ دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-C-[03]<br>SLO: U-10-C-[03] | Summative | [03-الف] نظم و نثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات (براہِ راست، بالواسطہ اور کثیر الجہت) کے جوابات دے سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[10]<br>SLO: U-10-C-[10] | Summative | پڑھے گئے متن کے کسی حصے کو دہراتے ہوئے حوالوں اور دلائل کے ساتھ اظہار رائے کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[15]<br>SLO: U-10-C-[15] | Summative | غزل کی شاعری میں مطلع اور مقطع کی شناخت کر کے ان کا فرق سمجھ سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[17]<br>SLO: U-10-C-[17] | Summative | کسی بھی نظم کو پڑھ کر حوالوں کے ساتھ اس کے اشعار کی تشریح کرتے ہوئے اس پر اپنی رائے دے سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-C-[28]<br>SLO: U-10-C-[28] | Summative | متن پڑھ کر خیالات، آرا اور رویّوں کا آپس میں تعلق سمجھتے ہوئے رائے پیش کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |

**نوٹ: "پڑھنا" مہارت کے درج کیے گئے حاصلات تعلم (SLOs) کے علاوہ دیگر حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔ ان کی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔ تشکیلی جانچ کے حاصلات تعلم یہ ہیں:**

**جماعت نہم:** SLO: U-9-C-[1] [ 2] [4] [5] [6] [7] [8] [9] [11] [12] [13] [14] [16] [18] [19] [20] [21] [22] [23] [24] [25] [26] [27]

**جماعت دہم:** SLO: U-10-C-[1] [ 2] [4] [5] [6] [7] [8] [9] [11] [12] [13] [14] [16] [18] [19] [20] [21] [22] [23] [24] [25] [26] [27]

## مہارت:(د)لکھنا

**معیار:**(د) الفاظ وتراکیب، جملوں اور عبارت کی درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ افسانوی اور روزمرہ تحاریر میں مہارت سے استعمال، مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت اور اصناف کی مناسبت سے اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی تحریری پیش کش۔

### حد تدریج

| جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| • سیکھی گئی مہارتوں کا استعمال کرتے ہوئے تحریری صلاحیت کا مظاہرہ کرنا۔<br>• تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علامات اوقاف اور قواعد کی مہارتوں کو برمحل استعمال کرنا۔<br>• مختلف النوع مقاصد کے لیے تحاریر میں خیالات کو ترتیب اور تسلسل کے ساتھ تحریری طور پر پیش کرنا<br>• مرکزی خیال / خلاصہ / تشریح / تبصرہ / تجزیہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا۔<br>• کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، خط، مکالمہ، رپورٹ، کالم تبصرہ، تجزیہ، تقریر اور درخواست وغیرہ لکھنا۔ | | مہارت "لکھنا": حتمی جانچ<br>اس مہارت کے کچھ حاصلات تعلم کے علاوہ تمام حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے۔ |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-D-[01]<br>SLO: U-10-D-[01] | Formative | مختلف تحریری سرگرمیوں میں الفاظ کی درست املا کا خیال رکھتے ہوئے تحریری کام پر نظر ثانی اور ادارت (پروف ریڈنگ) کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[02]<br>SLO:U-10-D-[02] | Summative | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق روزمرّہ، ضرب الامثال اور محاورات کا استعمال کرتے ہوئے سادہ جملے تحریر کر سکیں۔ | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق روزمرّہ، ضرب الامثال اور محاورات کا استعمال کرتے ہوئے مرکب جملے تحریر کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ تاہم سادہ جملے جماعت نہم اور مرکب جملے جماعت دہم کی حتمی جانچ کا حصہ ہوں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[03]<br>SLO: U-10-D-[03] | Summative | نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[04]<br>SLO: U-10-D-[04] | Summative | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر اس کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-D-[05]<br>SLO: U-10-D-[05] | Summative | کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف / شاعر اور قاری کے نقطہ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[06]<br>SLO: U-10-D-[06] | Formative | مختلف اقتباسات (انگریزی سے اردو) کے اصل معانی و مفہوم اور مقاصد کو برقرار رکھتے ہوئے تراجم کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-10-D-[07] | Summative | ۔ | مضمون نویسی کے مختلف انداز تحریر (بیانیہ، مدلل، بحثی اور تفصیلی) کو مد نظر رکھتے ہوئے مختلف موضوعات کو قلم بند کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-D-[08] | Summative | ۔ | پڑھے ہوئے ڈرامے کو محاورات / ضرب الامثال کا استعمال کرتے ہوئے کہانی میں تبدیل کر سکیں / پڑھی ہوئی کہانی یا افسانہ کی ڈرامائی تشکیل کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[09]<br>SLO: U-10-D-[09] | Summative | رسمی و غیر رسمی خطوط کی تحریری یا برقی (ای میل کے لیے) تشکیل دے سکیں۔ | رسمی و غیر رسمی خطوط کی تحریری یا برقی (ای میل کے لیے) تشکیل دے سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ تاہم تحریری یا برقی ای میل جماعت نہم اور رسمی ، غیر رسمی خطوط جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[10]<br>SLO: U-10-D-[10] | Formative | متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے مختلف دستاویزی فارم مثلاً: داخلہ فارم، شناختی کارڈ فارم، ریلوے رعایت کرایہ فارم، مختلف رجسٹریشن فارمز، رکنیت فارم، پاسپورٹ فارم، بینک اکاؤنٹ فارم، قومی بچت فارم، خدمات افادی فارم وغیرہ پُر کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[11]<br>SLO: U-10-D-[11] | Summative | آپ بیتی، سفر نامہ (سفری روداد) اور یادداشت کے درمیان فرق کو سمجھتے ہوئے ان کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | معلوماتی رپورٹ کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ معلوماتی رپورٹ جماعت دہم جبکہ باقی اجزاء جماعت نہم کا حصہ ہوں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[12]<br>SLO: U-10-D-[12] | Summative | کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔<br>حد تدریج: کسی عنوان پر کالم، مکالمہ، تبصرہ، تجزیہ، تقریر وغیرہ لکھنا۔ | کسی بھی رسمی یا غیر رسمی تحریر (کالم، خبر، رپورٹ، تبصرہ، تذکرہ ، تجزیہ وغیرہ) کی جزئیات کو سمجھتے ہوئے اس پر تنقید و تبصرہ کر سکیں۔<br>حد تدریج: کسی عنوان پر تبصرہ، تجزیہ، تقریر اور درخواست وغیرہ لکھنا۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ حد تدریج کو مد نظر رکھ کر طلبہ کی تیاری کروائیں۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-D-[13]<br>SLO: U-10-D-[13] | Summative | منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-D-[14]<br>SLO: U-10-D-[14] | Formative | مختلف سامعین اور مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-D-[15]<br>SLO: U-10-D-[15] | Summative | ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم و منثور) کی تفہیم / تنقید و تجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-D-[16] | Summative | ۔ | خاکہ نویسی / شخصیت نگاری (سنجیدہ / فکاہیہ) کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |

## مہارت: (ہ) قواعد / زبان شناسی

**معیار: (ہ)** زبان کے تکنیکی پہلوؤں (یعنی قواعد / علم بیان، صنائع اور بدائع، شعری محاسن) کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست اور بر وقت استعمال۔

### حد تدریج

| جماعت نہم | جماعت دہم | |
|---|---|---|
| • جملوں کی تقطیع / ترکیب نحوی کرنا۔<br>• سادہ اور مشکل یعنی گہرے معانی والے جملوں کے اجزا (مرکبات، تذکیر و تانیث، الفاظ و تراکیب، الفاظ کی صفات، منفی، مثبت جملے) شناخت کرنا اور تحریر و تقریر میں ان کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے بر محل استعمال کرنا۔<br>• تحریر کو صحت رفتار کے ساتھ پیش کرنا۔<br>• تحریر میں رموز او قاف اور اعراب کا درست استعمال کرنا۔<br>• ادبی تحاریر میں علم بیان، صنائع بدائع اور شعری محاسن کی شناخت کرنا۔ | | |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | جماعت نہم | جماعت دہم | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-10-E-[01] | Summative | ۔ | واحد جمع (جمع مکسر اور جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔<br>جمع الجمع کا تحریر میں بر محل استعمال کر سکیں | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[02] | Summative | تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے زبان میں ہونے والی تبدیلیوں کو روز مرّہ گفت گو اور تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ | ۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت نہم کا حصہ ہو گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-E-[03] | Summative | متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | - | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت نہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[04] | Summative | - | مترادف الفاظ کو شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[05]<br>SLO: U-10-E-[05] | Summative | تراکیب لفظی کی شناخت کر سکیں اور اس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنی تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[06] | Summative | - | متشابہ الفاظ کو پہچان کر تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[07] | Summative | - | ذو معنی الفاظ / جملے عبارت سے الگ کر سکیں اور ان کا تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[08] | Summative | [08-الف] جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔<br>[08-ب] حرف فجائیہ: تحریر و تقریر میں تاثر لانے والے الفاظ (ندا، تحسین، نفرین، تاسف، انبساط، تنبیہ، استعجاب، تہنیت، تمنا اور قسم) کی نشان دہی کر سکیں۔<br>[08-ج] حرف ربط، حرف جار، حرف اضافت، حرف استفہام، حرف عطف، حرف تردید، حرف شرط و جزا، حرف علت، حرف اضراب، حرف بیان، حرف تشبیہ کو تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-10-E-[09] | Summative | - | علامات اوقاف (سکتہ، ختمہ، وقفہ، واوین، قوسین، استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ اور ترچھا خط) کو پہچان سکیں اور تحریری اظہار میں اس کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی تحریر میں برمحل استعمال کر سکیں | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت دہم کا حصہ ہو گا۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-09-E-[10]<br>SLO: U-10-E-[10] | Summative | مرکبِ تام اور مرکبِ ناقص:<br>[10-الف]مرکب تام (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ) کی شناخت کر سکیں۔<br>[10-ب]جملہ اسمیہ کے اجزا (خبر اور مبتدا) میں امتیاز کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[11]<br>SLO: U-10-E-[11] | Formative | [11-الف]الفاظ و معنی سے واقفیت اور ان کے انتخاب میں لغت اور تھیسارس کا استعمال کر سکیں۔<br>[11-ب]درست تلفظ کی فہم کے لیے اعراب کا استعمال کر سکیں۔ | | اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-E-[12] | Summative | نئے الفاظ بناتے ہوئے سابقہ اور لاحقہ کا استعمال کر سکیں- | - | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان جماعت نہم کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[13]<br>SLO: U-10-E-[13] | Summative | جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمّرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[14]<br>SLO: U-10-E-[14] | Formative | ضرب الامثال اور محاورات میں امتیاز کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں ان کا استعمال کر سکیں۔ | | حاصلات تعلم نمبر D-02 کے تحت حتمی جانچ میں شامل ہے لہٰذا اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کے بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-09-E-[15]<br>SLO: U-10-E-[15] | Summative | نظم بلحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی و ملّی نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) میں امتیاز کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[16]<br>SLO: U-10-E-[16] | Summative | نظم بلحاظِ ہیئت (غزل، مخمس، مسدس) کی شناخت کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[17]<br>SLO: U-10-E-[17] | Summative | غزل میں مطلع اور مقطع کی شناخت کر سکیں۔<br>نظم / غزل کے اجزاء (مصرع، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع) کی شناخت کر سکیں۔ | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-09-E-[18]<br>SLO: U-10-E-[18] | Summative | اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان**<br>• استعارہ اور ارکانِ استعارہ<br>• تشبیہ اور ارکان تشبیہ | اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان**<br>• کنایہ<br>• مجاز مرسل | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا ۔ علم بیان کی اصطلاعات استعارہ اور تشبیہ جماعت نہم جبکہ کنایہ اور مجاز مرسل جماعت دہم میں شامل ہیں۔ علم بدیع دونوں کا حصہ ہے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | **علم بدیع**<br>• تلمیح<br>• صنعت تکرار<br>• صنعت تضاد | **علم بدیع**<br>• تلمیح<br>• صنعت تکرار<br>• صنعت تضاد | |

اردو(لازمی) برائے جماعت دہم

(قومی نصاب 2022-23)

# ہدایات

## حصہ اول معروضی کل نمبر15

**سوال نمبر1:** زبان شناسی، تنقید اور استحسان وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل ہیں، کے مطابق 15 کثیر الا انتخابی سوالات دیے جائیں گے۔

## حصہ دوم کل نمبر30

**سوال نمبر2: جز۔الف** حصہ نثر 7x2=14

نثری عبارت / اقتباس کی طوالت 100 سے 150 الفاظ پر محیط ہو گی جو کہ جماعت دہم کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس عبارت سے جماعت دہم کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 7 سوالات بنائے جائیں گے۔ ساتویں سوال میں مرکزی خیال اور تلخیص میں انتخاب دیا جائے گا۔ یہ عبارت قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل مصنفین کی تحریروں سے دی جائے گی تاہم یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ یہ عبارات طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ہوں اور ان میں کوئی بات، جملہ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزادی ہونے کا اندیشہ ہو۔

**جزو۔ب** حصہ شعر 5x2=10

اس حصے میں دیے گئے غزلیہ اور نظمیہ اشعار قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل شعرا کی شاعری سے لیا جائے گا تا کہ حاصلات تعلم کی روشنی میں 5 سوالات بنائے جا سکیں۔ پانچویں سوال میں انتخاب دیا جائے گا۔ حصہ نظم میں سے تین اور حصہ غزل میں سے دو اشعار لیے جائیں گے۔

**جز۔ج** حصہ قواعد 3x2=06

اس حصے میں قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل زبان شناسی کی مہارت کے حاصلات تعلم کا احاطہ کرنے والے کوئی سے بھی 3 سوالات دیے جائیں گے۔ تیسرے سوال میں انتخاب دیا جائے گا۔

## حصہ سوم کل نمبر30

**سوال نمبر3:** اس سوال میں مناسب طوالت کی ایسی دو عبارات / اقتباسات دیے جائیں گے جن میں کم از کم پانچ سے چھے وضاحت طلب نکات ہوں اور کسی ایک عبارت یا اقتباس کی تشریح کرنا ہو گی۔ یہ عبارات / اقتباسات قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل مصنفین کی تحریروں سے ہوں گے، تاہم یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ یہ عبارات طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ہوں اور ان میں کوئی بات، جملہ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزادی ہونے کا اندیشہ ہو۔ **05نمبر**

**سوال نمبر4:** اس سوال میں قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل شعرا کی نظمیہ اشعار سے جماعت دہم کی ذہنی سطح کے زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک کی تشریح کرنی ہو گی۔ **05نمبر**

**سوال نمبر5:** اس سوال میں قومی نصاب 2022-23ء برائے جماعت دہم میں شامل شعرا کی غزلیات سے دو، دو اشعار پر مشتمل دو اجزا دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک کی تشریح کرنی ہو گی۔ **05نمبر**

**سوال نمبر6:** خط (رسمی / غیر رسمی) اور درخواست میں سے ایک یا معلوماتی رپورٹ اور خاکہ نویسی میں سے ایک موضوع دیا جائے گا۔ **05نمبر**

**سوال نمبر7:** قومی نصاب 2022-23ء کے مطابق بیانیہ، مدلل، بحثی، تفصیلی، انداز تحریر کو مد نظر رکھ کر دو موضوعات مع پانچ پانچ اشارات پر مشتمل کسی ایک موضوع پر 300 سے 350 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھنا ہو گا۔ اس سلسلے میں قومی نصاب 2022-23ء میں درج موضوعات اور ان کے ذیلی عنوانات پر بھی مضمون دیا جا سکتا ہے۔ **10 نمبر**

**مجوزہ موضوعات برائے سوال نمبر7:**

پاکستانی اور قومی مشاہیر، خواتین کا احترام، صحت اور صفائی، قانون کا احترام اور پابندی، مقامی مشاہیر، بزرگوں کا احترام، سوشل میڈیا کے آداب، حقوق نسواں، قومی اور علاقائی تہوار، حب الوطنی، سائنس اور ٹیکنالوجی، ٹریفک قوانین، سیر و تفریح، تحفظ اطفال، جانوروں کا تحفظ۔

**ان موضوعات پر براہ راست یا ان کے کسی ذیلی موضوع پر بھی مضمون پوچھے جا سکتے ہیں۔**

نوٹ: پرچے میں سوالات کے Cognitive domain کی شرح تقریباً یوں ہو گی۔ سمجھنا 50٪، یاد میں لانا 30٪ اور لاگو کرنا 20٪۔ ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| VERSION NO | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

# اردو( لازمی )ایس ایس سی- II

## (Curriculum 2022-2023)

## حصہ اول کل نمبر( 15)

**وقت 20 : منٹ**

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. *Do not use lead pencil.***

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Candidate Sign.___________** **Invigilator Sign. ____________**

ہر سوال کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

**Q1. Fill the relevant bubble against each question. Each part carries one mark.**

| نمبر شمار | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | خبر کی جمع الجمع ہو گی: | خبریں | خبروں | اخبار | اخبارات | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 2 | ایسے الفاظ جن کا املا تو ایک ہو مگر دو مختلف معنی رکھتے ہوں، کہلاتے ہیں: | متلازم | متضاد | ذو معانی | بے جوڑ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 3 | درج ذیل میں سے مترادف الفاظ کی جوڑی ہے: | صبح، سحر | جلوت، خلوت | پنہاں، عیاں | لقب، القاب | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 4 | "ختم الرسل" قواعد کی رو سے ہے: | ذو معانی الفاظ | ترکیب لفظی | متشابہ لفظ | متلازم الفاظ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 5 | دو یا دو سے زائد الفاظ کا مجموعہ جو پڑھنے والے پر اپنا مکمل مفہوم ادا کرے، کہلاتا ہے: | مرکب تام | مرکب ناقص | مرکب عطفی | مرکب توصیفی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 6 | درج ذیل میں سے استعجابیہ کی علامت ہے: | ( ) | ؟ | ! | : | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 7 | آپ کا حکم سر ماتھے پر۔ اس جملے میں غلطی ہے: | روز مرہ کی | محاورے کی | ضرب المثل کی | فعل کی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 8 | جس نظم میں رقت آمیز لہجے میں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگی گئی ہو، کہلاتی ہے: | قصیدہ | مثنوی | مرثیہ | مناجات | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 9 | نظم جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں: | مثلث | رباعی | مخمس | مسدس | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 10 | مطلع کے لغوی معانی ہیں: | طلوع ہونے کی جگہ | غروب ہونے کی جگہ | کاٹ دینا | غائب ہونا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 11 | "آج بادل خوب برسا" علم بیان کے لحاظ سے یہ جملہ مثال ہے: | تشبیہ کی | مجاز مرسل کی | کنایہ کی | استعارہ کی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 12 | "تلمیح" لفظ ہے: | فارسی زبان کا | یونانی زبان کا | عربی زبان کا | سندھی زبان کا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 13 | پہاڑ بلند و بالا ہیں۔ اس جملے میں "بلند و بالا" کو قواعد کی رو سے کہیں گے: | فعل تام | فعل ناقص | مبتدا | خبر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 14 | ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے<br>اس شعر میں قافیہ ہو گا: | ہستی، نمائش | کی سی ہے | سراب، حباب | اپنی، ہے | ○ | ○ | ○ | ○ |
| 15 | آدمی آدمی سے ملتا ہے دل مگر کم کسی سے ملتا ہے<br>یہ شعر مثال ہے: | صنعت تضاد | صنعت تکرار | صنعت تلمیح | صنعت تجنیس | ○ | ○ | ○ | ○ |

## فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت دہم(SSC-II)
## ماڈل پرچہ اردو( لازمی)
## قومی نصاب(2022-23)

وقت: 2:40 گھنٹے | کل نمبر:60

**نوٹ: حصہ دوم اور حصہ سوم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی (E-Sheet) پر دیں۔ جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔**

### حصہ دوم کل نمبر( 30)

سوال نمبر2: (الف ) حصہ نثر:

درج ذیل عبارت کو فہم کے ساتھ پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: (7×2=14)

سرسید کے پیدا ہونے سے پہلے اُن کی بہن صفیۃ النساء بیگم اور اُن کے بھائی سید محمد خاں پیدا ہو چکے تھے۔ سید محمد خان کی ولادت کے بعد چند برس تک اُن کے والدین کے ہاں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا تھا۔ اِس لیے سید احمد خاں کے پیدا ہونے کی، اُن کو نہایت خوشی ہوئی۔ سرسید سے چند مہینے پہلے اُن کے ماموں نواب زین العابدین خاں کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا تھا؛ جس کا نام حاتم علی خاں تھا۔ سرسید اپنے خاندان کے اکثر بچوں کی نسبت زیادہ قوی اور توانا اور ہاتھ پاؤں سے تن دُرست پیدا ہوئے تھے۔ وہ اپنی ماں کی زبان بیان کرتے تھے کہ جب اِن کے نانا دوسری بار کلکتہ سے دلی میں آئے اور اِن کو پہلی بار ہی دیکھا تو کہا کہ یہ تو ہمارے گھر میں جاٹ پیدا ہوا ہے۔ سرسید کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے بچپن میں جسمانی صحت اور فزیکل قابلیت کے سوا کوئی ایسی خصوصیت ؛ جس سے اُن کے بچپن کو معمولی لڑکوں کے بچپن پر بے تکلف فوقیت دی جا سکے، نہیں پائی جاتی تھی یعنی جیسا کہ بعض بچے ابتدا میں نہایت ذکی الطبع اور ہم جولیوں میں سب سے زیادہ تیز اور ہوشیار ہوتے ہیں۔ سرسید میں کوئی اس قسم کا صریح امتیاز نہ تھا۔

سوالات:

- i۔ سرسید احمد خان کا بہن بھائیوں میں نمبر کون سا تھا؟
- ii۔ سید احمد خاں کی پیدائش پر گھر میں خوشی کا سماں کیوں تھا؟
- iii۔ حاتم علی خاں کب پیدا ہوئے؟
- iv۔ پیدائش کے وقت سرسید احمد خاں کو خاندان کے بچوں پر کس حوالے سے فوقیت حاصل تھی؟
- v۔ نانا جان نے سرسید کو دیکھ کر یہ کیوں کہا: "یہ تو ہمارے گھر میں جاٹ پیدا ہوا ہے۔"
- vi۔ سرسید کا اپنے بارے میں کیا کہنا تھا؟
- vii۔ اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ یا اس عبارت کی تلخیص لکھیں۔

جزو ب (حصہ شعر) درج ذیل اشعار پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ (5x2=10)

- i۔ مدینہ یاد آتا ہے، تو پھر آنسو نہیں رکتے — مِری آنکھوں کو ماہرؔ، چشمۂ آبِ بقا کہیے
- ii۔ وہ پھولنا شفق کا وہ مینائے لاجورد — مخمل سی وہ گیاہ، وہ گلِ سبز و سرخ و سرد
- iii۔ "جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے جس میں" — گھوڑوں کی طرح بکتے ہیں انسان وغیرہ
- iv۔ اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا — رنج راحت فزا نہیں ہوتا
- v۔ ہے مشقِ سخن جاری، چکی کی مشقت بھی — اک طرفہ تماشا ہے حسرتؔ کی طبیعت بھی

سوالات:

- i۔ شاعر نے اپنی آنکھوں کو "چشمۂ آبِ بقا" کیوں کہا ہے؟ (بہ حوالہ شعر i)
- ii۔ مینائے لاجورد سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے (بہ حوالہ شعر ii)
- iii۔ شاعر کے نزدیک جمہوریت کس طرح کا طرزِ حکومت ہے؟ (بہ حوالہ شعر iii)
- iv۔ شاعر کا رنج راحت فزا کیوں نہیں ہوتا؟ (بہ حوالہ شعر iv)
- v۔ شاعر نے اپنی طبیعت کو اک طرفہ تماشا کیوں کہا ہے؟ (بہ حوالہ شعر v)
  مشقِ سخن اور چکی کی مشقت سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (بہ حوالہ شعر v)

جزو ج (حصہ قواعد) درج ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔ (3x2=6)

- i۔ ایک شعری مثال دے کر صنعتِ تضاد کی وضاحت کریں۔
- ii۔ طالب علم محنتی ہے۔ اس جملے کی ترکیبِ نحوی کرتے ہوئے اجزائے ترکیبی کی نشان دہی کریں۔
- iii۔ ایک مثال دے کر کنایہ کی وضاحت کریں۔ یا مثال دے کر علامت واوین کی وضاحت کریں۔

# حصہ سوم (کل نمبر 30)

**سوال نمبر 3:** **درج ذیل نثر پارے کی تشریح کریں۔** (5)

شیخ کریم نواز صاحب اپنی حویلی سے نکل کر ٹرانسفارمر کے نیچے آ بیٹھے۔ یہاں لوگوں نے بڑی سی دری بچھا دی اور دو تین تازہ اخبار لا کر رکھ دیے۔ لوگ جمع ہونے شروع ہو گئے۔ شیخ کریم نواز نے دو سو روپے نکال کر سعید اور بلال کو سکوٹر پر بھیجا کہ جا کر قبر کا بندوبست کریں۔ تین سو روپے بابو جلال کو دیے کہ رحمت کو ساتھ لے جا کر لٹھے، کافور، عرقِ گلاب اور پھولوں کا بندوبست کریں۔ جبار حلوائی نے دودھ پتی کا ایک پتیلا کاڑھ کر صف پر پہنچا دیا۔ لوگوں نے ماسٹر صاحب کی رسمِ قل کے لیے پیسے جمع کرنے شروع کیے اور دیکھتے دیکھتے محسن محلہ کے لوگوں نے آٹھ سو گیارہ روپے جمع کر کے شیخ کریم نواز صاحب کے پاس محفوظ کرا دیئے۔

**یا**

ڈھول کی آواز دُور سے بہت سہانی معلوم ہوتی ہے، خواہ مخواہ تال پر ناچنے کو جی چاہتا ہے جبھی تو اب جب کہ میری کنپٹیوں میں سفید بال آ چکے ہیں اور میری عمر کے لوگ میلوں ٹھیلوں میں شریک ہونے سے ہچکچاتے ہیں، ڈھول کی آواز پر میرے پاؤں خود بہ خود حرکت میں آ جاتے ہیں اور جب میرے پاؤں میرے جسم سے بالکل الگ تھلگ ہو جاتے ہیں تو مجھے اپنے آپ کو یہ کہ کر روکنا پڑتا ہے۔ منشی عبدالرحمٰن! اب تیرے دن بھنگڑا ڈالنے کے نہیں۔ اب تو۔۔۔ میں بات کو کہاں سے کہاں لے گیا۔ ڈھول کی آواز سنتے ہی میں نے کھدر کے بستے میں کتابیں لپیٹیں اور تال پر ناچتا ہوا تیز تیز گاؤں کی طرف دوڑا۔

**سوال نمبر 4:** **درج ذیل نظم پارے کی تشریح لکھیں۔** (5)

تجھے اُس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کُچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سرِ دارا
تمّدن آفریں، خلاقِ آئینِ جہاں داری
وہ صحرائے عرب یعنی شُتر بانوں کا گہوارا
گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اِتنے
کہ مُنعِم کو گدا کے ڈر سے بخشش کا نہ تھا یارا

**یا**

مسجد بھی، آدمی نے بنائی ہے، یاں میاں
بنتے ہیں، آدمی ہی امام، اور خطبہ خواں
پڑھتے ہیں، آدمی ہی قرآن، اور نمازیاں
اور آدمی ہی، ان کی چُراتے ہیں، جُوتیاں
جو ان کو، تاڑتا ہے سو ہے، وہ بھی آدمی

**سوال نمبر 5:** **درج ذیل غزلیہ اشعار کی تشریح لکھیں۔** (5)

ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے، مجھے کُفر
کعبہ مِرے پیچھے ہے، کلیسا مِرے آگے
گو ہاتھ کو، جنبش نہیں، آنکھوں میں تو دم ہے
رہنے دو، ابھی ساغر و مینا، مرے آگے

**یا**

بجتا ہے، گلی کُوچوں میں، نقارۂ الزام
ملزم کہ خموشی کا، وفادار بہت ہے
جب حُسن تکَلم پہ، کڑا وقت پڑے تو
اور کچھ بھی نہ باقی ہو، تو تکرار بہت ہے

**سوال نمبر 6:** چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اسے موبائل فون کے بے جا استعمال کے نقصانات سے آگاہ کریں۔

**یا**

اپنے علاقے میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے ایک معلوماتی رپورٹ لکھیں۔ (5)

**سوال نمبر 7:** دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک عنوان کے تحت 300 سے 350 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10)

**الف۔ والدین کا احترام**

i۔ مفہوم اور اہمیت
ii۔ اسلام میں والدین کے احترام کا حکم
iii۔ احادیث کی روشنی میں والدین کے احترام کی اہمیت
iv۔ والدین کی خدمت کا اجر
v۔ والدین کی نافرمانی کی سزا

**ب۔ سائنس کے کرشمے**

i۔ مفہوم اور اہمیت
ii۔ سائنسی علوم کی ترقی
iii۔ انسانی معاشرے کی ترقی
iv۔ نت نئی ایجادات سے زندگی میں سہولیات
v۔ سائنسی ترقی کے نقصانات

# Federal Board SSC-II Examination

## ماڈل پرچہ اردو برائے جماعت دہم

قومی نصاب 2022-2023

### سوالات کی حاصل تعلم کے ساتھ مطابقت / تعلق

### SLOs Alignment Chart

| حصہ اوّل | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | حصہ: سوال نمبر۔ (جزو نمبر) | مہارت | حاصلات تعلم | وقوفی میدان Cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
| 1 | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[01] واحد جمع (جمع مکسر اور جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔<br>جمع الجمع کا تحریر میں بر محل استعمال کر سکیں۔ | K | 1 |
| 2 | ii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[07] ذو معانی الفاظ / جملے عبارت سے الگ کر سکیں اور ان کا تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 3 | iii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[04] مترادف الفاظ کو شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 4 | iv. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[05] تراکیب لفظی کی شناخت کر سکیں اور اس کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنی تحریر میں اس کا استعمال کر سکیں۔ | K | 1 |
| 5 | v. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[10] مرکبِ تام اور مرکبِ ناقص:<br>[10-الف] مرکب تام (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ) کی شناخت کر سکیں۔ | U | 1 |
| 6 | vi. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[09] علامات اوقاف (سکتہ، ختمہ، وقفہ، واوین، قوسین، استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ اور ترچھا خط) کو پہچان سکیں اور تحریری اظہار میں اس کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔ | K | 1 |
| 7 | vii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[13] جملے کی ساخت، بناوٹ، روزمرّہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ | K | 1 |
| 8 | viii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[15]<br>نظم بلحاظِ موضوع (حمد، نعت، قومی وملّی نظم، قصیدہ، دعا / مناجات، منقبت، مرثیہ) میں امتیاز کر سکیں۔ | U | 1 |
| 9 | ix. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[16] نظم بلحاظِ ہیئت (غزل، مخمس، مسدس) کی شناخت کر سکیں۔ | U | 1 |
| 10 | x. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[17] نظم / غزل کے اجزاء (مصرع، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع) کی شناخت کر سکیں۔ | K | 1 |
| 11 | xi. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بیان:** مجاز مرسل | U | 1 |
| 12 | xii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بدیع:** تلمیح | K | 1 |
| 13 | xiii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[10] [10-ب] جملہ اسمیہ کے اجزا (خبر اور مبتدا) میں امتیاز کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | U | 1 |
| 14 | xiv. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[17] نظم / غزل کے اجزاء (مصرع، شعر، قافیہ، ردیف، بند، مطلع، مقطع) کی شناخت کر سکیں۔ | U | 1 |
| 15 | xv. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔<br>**علم بدیع:** تکرار | A | 1 |

## حصہ دوم

| | سوال ۲ (جزو:الف) | مہارت | حاصل تعلم | وقوفی میدان Cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | i. | لکھنا | SLO: U-10-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم ومنثور) کی تفہیم / تنقید وتجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | K | 1+1 |
| 17 | ii. | | | U | 1+1 |
| 18 | iii. | | SLO: U-10-C-[03] [03-الف] نظم ونثر کو فہم کے ساتھ پڑھ کر متعلقہ سوالات (براہِ راست، بالواسطہ اور کثیر الجہت) کے جوابات دے سکیں۔ | K | 1+1 |
| 19 | iv. | پڑھنا | | U | 1+1 |
| 20 | v. | | | U | 1+1 |
| 21 | vi. | | | K | 1+1 |
| 22 | vii. | لکھنا | SLO: U-10-D-[05] کسی بھی نظم یا نثر کو پڑھ کر مصنف / شاعر اور قاری کے نقطہ ءنظر کو سامنے رکھتے ہوئے مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ (یا) SLO: U-10-D-[13] منتخب اقتباسات کی تلخیص نویسی کر سکیں۔ | A/A | 2/2 |
| حصہ دوم: سوال ۲ (جزو: ب) | | | | | |
| 23 | i. | لکھنا | SLO: U-10-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم ومنثور) کی تفہیم / تنقید وتجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | U | 2 |
| 24 | ii. | | | U | 2 |
| 25 | iii. | | | U | 2 |
| 26 | iv. | | | U | 2 |
| 27 | v. | لکھنا | SLO: U-10-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم ومنثور) کی تفہیم / تنقید وتجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ | U/U | 2/2 |
| حصہ دوم: سوال ۲ (جزو: ج) | | | | | |
| 28 | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔ [ہ-18] علم بدیع: صنعت تضاد | U | 2 |
| 29 | ii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[10] [10-ب] جملہ اسمیہ کے اجزا (خبر اور مبتدا) میں امتیاز کر سکیں اور تحریر میں استعمال کر سکیں۔ | U | 2 |
| 30 | iii. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-10-E-[18] اصناف نظم کے محاسن کو شناخت کر سکیں۔ کنایہ **یا** SLO: U-10-E-[09] علامات اوقاف (سکتہ، ختمہ، وقفہ، واوین، قوسین، استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ اور ترچھا خط) کو پہچان سکیں اور تحریری اظہار میں اس کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔ | U/U | 2/2 |

## حصہ سوم

| | سوال نمبر | مہارت | حاصل تعلم | وقوفی میدان Cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 31 | سوال ۳ | لکھنا | SLO: U-10-D-[15] ہدایات واشارات کے مطابق کسی نادیدہ اقتباس (منظوم ومنثور) کی تفہیم / تنقید وتجزیہ / تبصرہ کر سکیں۔ حد تدریج: مرکزی خیال / خلاصہ / تشریح / تبصرہ / تجزیہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا۔ | U<br>A | 3<br>2 |
| 32 | سوال ۴ | لکھنا | SLO: U-10-D-[03] نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | U<br>A | 3<br>2 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3<br>2 | U<br>A | SLO: U-10-D-[03] نظم / غزل کے اشعار کے حوالوں (شاعری کے پس منظر، اندازِ بیاں، شعری محاسن کے استعمال کی وضاحت) کے ساتھ تشریح کر سکیں۔ | لکھنا | سوال ۵ | 33 |
| 3/3<br>2/2 | K<br>A | SLO: U-10-D-[11] معلوماتی رپورٹ کی تحریری تخلیق کر سکیں۔ (یا) SLO: U-10-D-[09] رسمی و غیر رسمی خطوط کی تحریری تشکیل کر سکیں۔ | لکھنا | سوال ۶ | 34 |
| 5<br>5 | K<br>A | SLO: U-10-D-[07] مضمون نویسی کے مختلف انداز تحریر (بیانیہ، مدلل، بحثی اور تفصیلی) کو مد نظر رکھتے ہوئے مختلف موضوعات کو قلم بند کر سکیں۔ | لکھنا | سوال ۷ | 35 |

*Cognitive Level
K: Knowledge
U: Understanding
A: Application

<u>**Table of Specification**</u>

**Model Paper Urdu – Grade X (SSC-II)**

| فیصد | کل نمبر | قواعد/زبان شناسی | لکھنا | پڑھنا | مہارت/موضوع<br>وقوفی میدان |
|---|---|---|---|---|---|
| 26.7 % | 23 | 1(i)(1)، 1(iv) (1)، 1(vi)(1)، 1 (vii) (1)،<br>1 (x) (1)، 1(xii)(1)، | 2الف(i)(1)، 2 الف(iii)(1)، 2الف(vi)(1)،<br>6(f/s) (3/3)، 7(5) | 2الف(i)(1)، 2 الف(iii)(1)،<br>2الف(vi)(1)، | یاد میں لانا |
| 50 % | 43 | 1(ii) (1)، 1 (iii)(1)، 1 (v) (1)، 1 (viii) (1)،<br>1(ix)(1)، 1 (xi)(1)، 1(xiii) (1)، 1 (xiv)(1)،<br>2ج(i)(2)، 2 ج(ii)(2)،<br>2ج(iii f/s) (2/2)، | 2الف(ii)(1)، 2 الف(iv)(1)، 2الف(v)(1)،<br>2ب(i)(2)، 2ب(ii)(2)، 2ب(iii)(2)،<br>2ب(iv)(2)، 2ب(v f/s)(2/2)،<br>3(3)، 4(3)، 5(3) | 2الف(ii)(1)، 2 الف(iv)(1)،<br>2الف(v)(1)، | سمجھنا |
| 23.3 % | 20 | 1(xv)(1) | 2الف(vii f/s)(2/2)، 3 (2)،<br>5(2)، 6 (f/s) (2/2)<br>4(2)، 7(5) | | اطلاق/لاگو کرنا |
| ___ | **86** | **23** | **57** | **6** | کل نمبر |
| **100%** | ___ | **26.7 %** | **66.3 %** | **7 %** | کل فیصد |

**Note:**

1. This TOS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.
2. Proportionate / equitable representation of the content areas as per the defined ranges may be ensured.
3. The percentage of cognitive domain is 30%, 50%, and 20% for knowledge, understanding, and application, respectively with ± **5%** variation.
4. While selecting alternative questions for SRQs and ERQs, it must be kept in mind that:
   - Difficulty levels of both questions should also be same
   - SLOs of both the alternative questions must be different

**Key:** Question Number (part/ first choice) marks example: **Q2 ( i / f ) 2**
Question Number (part/ second choice) marks example: **Q2 ( i / s) 2**

111 032 473

For more information, please visit
www.fbise.edu.pk

/ Federal.BISE.Official    / FBISEOfficial    / fbise.official